PS+YOU

چانسلر Melissa Aviles-Ramos کی جانب سے

NYC Public Schools

سننے کے لیے تیار اور مشتاق

عزیز اہل خانہ اور رفقاء کار،

نیو یارک شہر پبلک اسکولز (NYCPS) میں میری دو دہائیوں کی ملازمت کے دوران، میں نے کئی عہدوں پر کام کیا ہے؛ میں ایک استانی، پرنسپل، نائب مہتمم، قائم مقام مہتمم، نائب چانسلر رہی ہوں، اور اب آپ کی قابل فخر چانسلر ہوں۔ میں ایک NYCPS والدین بھی بن گئی ہوں۔ ان سب کے دوران، میں نے یہ سیکھا ہے کہ جب کبھی ہمارے اسکولوں کو جتنا ہو سکے بہترین بنانے کی بات آتی ہے، ان میں سے ہر ایک تناظر ایک نیا تصور، تجویز، خدشات اور سوالات کی ایک نئی ترتیب اپنے ساتھ لاتا ہے۔

اسی وجہ سے، میں پانچ بروز کا سننے کا دورہ شروع کرنے کے لیے بیتاب ہوں، جس میں، میں آپ سے، ہمارے NYCPS برادری سے براہ راست آپ کے تجربات، ترجیحات اور تبصرے سن سکتی ہوں۔ میں سننا چاہتی ہوں کہ کون سے کام صحیح ہو رہے ہیں اور ہم کہاں بہتری لا سکتے ہیں۔ اور مجھے خصوصاً تین خاص شعبوں کے بارے میں آپ کے خیالات جاننے میں دلچسپی ہے جو میں سمجھتی ہوں کہ مضبوط اسکول برادریوں کے لیے انتہائی اہم ہیں: جسمانی اور جذباتی تحفظ، معلم کی معاونت اور خاندان کی خود مختاری۔ ان شعبوں میں آپ کے تبصرے مستقبل کی پالیسیوں اور پروگراموں کو تشکیل دینے میں مددگار ثابت ہوں گے، اور میں آپ کی بصیرت جاننے کے لیے بیتاب ہوں۔

(تبصرات) سننے کے اجلاس عوام کے لیے کھلے ہوں گے — اہل خانہ، طلباء، عملے اور برادری کے ارکان سب کی شرکت کرنے کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔ اس دورے کا شیڈول حسبِ ذیل ہے:

- 19 نومبر - مین ہیٹن
- 26 نومبر - بروکلن

- 3 دسمبر - کوئنز
- 10 دسمبر - برونکس
- 17 دسمبر - اسٹیٹن آئلینڈ

برائے مہربانی تفصیلات، بشمول خاص مقامات، اوقات، لسانی معاونت اور اندراج کی ہدایات کے لیے ہماری ویب سائٹ ملاحظہ کریں — اور اس بات کی تشہیر کریں! ہم سب کے پاس گراں قدر تجاویز اور مہارت ہے، اور میں سننے کے لیے تیار اور مشتاق ہوں۔

شراکت میں،

Melissa Aviles-Ramos

چانسلر

ہماری مرکزِ توجہ وڈیو:

ترجموں کے لیے، برائے مہربانی ہمارے یوٹیوب صفحے پر جائیں۔

اور یہاں پر میئر Eric Adams کی ہفتہ وار وڈیو ہے۔ اگر آپ میئر کے دفتر سے براہِ راست جدید معلومات موصول کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں، برائے مہربانی یہاں کلک کریں۔

NYCPS کی تازہ ترین خبروں کے لیے ہمیں آن لائن X، فیس بُک اور انسٹا گرام پر فالو کریں۔

NYCPS اہلِ خانہ: اگر آپ مزید PS+You خبرنامہ موصول نہیں کرنا چاہتے تو خارج ہونے کے لیے برائے مہربانی یہاں ان سبسکرائب کریں